© rasailojaraid.com



## حضرت الحافظ پیر عبدالرزاق سعیدی صاحب کو صدمہ

حضرت الحافظ پیر عبدالرزاق سعیدی صاحب امیر مرکزی جمعیت اہلحدیث فاردق آباد کی صاحبزادی جو کہ مکۃ المکرمہ میں رہائش پذیر تھیں، حرکت قلب بند ہو جانے کی صورت میں 17 جولائی کو وفات پا گئی۔ إنا للہ وإنا الیہ راجعون۔

## منشی کرم داد مرحوم کی بہو کا انتقال

جماعت کے وفادار کارکن منشی کرم داد مرحوم کی بہو اور میاں عبدالستار مرحوم کی زوجہ طویل ترین علالت کے بعد مورخہ 12 اگست بروز منگل اپنے خالق حقیقی سے جاملیں۔ إنا للہ وإنا الیہ راجعون۔ آپ کی نماز جنازہ شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد اکرم جمیل صاحب نے پڑھائی۔ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت فرمائے۔

## ماسٹر انعام اللہ صاحب کو صدمہ

ماسٹر انعام اللہ صاحب جو کہ راوین سپر سٹور کے انچارج ہیں، کی زوجہ محترمہ مورخہ 21 جولائی کو رینالہ خورد کے ایک ہسپتال میں وفات پا گئیں۔ إنا للہ وإنا الیہ راجعون۔ مرحومہ نہایت ہی ملنسار اور صاحب اخلاق تھیں۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی بخشش فرمائے۔

## شمسی برادران کو صدمہ

مورخہ 26 اگست بروز منگل شیخ مختار احمد شمسی اور شیخ اسرار احمد شمسی کے والد گرامی شیخ مقبول احمد شمسی وفات پا گئے۔ إنا للہ وإنا الیہ راجعون۔ مرحوم کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔ مرحوم جامع مسجد سلطان کے مستقل نمازی تھے۔ مرحوم انتہائی با اخلاق انسان تھے۔ ادارہ ''حرمین'' ان کے ورثاء کے غم میں برابر کا شریک ہے۔

ادارہ ''حرمین''، جامعہ علوم اثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے ورثاء کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

© rasailojaraid.com